روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 14 جنوری 2005ء 3 ذوالحج 1425 ہجری 14 صلح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 12

اکرام ضیف اور وسعت حوصلہ

مولانا جلال الدین رومی فرماتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ کے ہاں ایک پیٹو غیر مسلم مہمان بنا جو 18 آدمیوں کا کھانا کھا گیا۔ رات کو بدہضمی کی وجہ سے اس نے بستر پر پاخانہ کردیا صبح رسول اللہؐ نے اسے شرمندگی سے بچایا اور وہ چپ کر کے چلا گیا۔ مگر ایک مورتی بھول گیا۔ واپس لینے آیا تو دیکھا کہ رسول اللہؐ گندے کپڑے خود دھو رہے ہیں۔ یہ دیکھ کر اس پر رقت طاری ہوگئی اور اس نے اسلام قبول کرلیا۔

(مثنوی مولوی معنوی دفتر پنجم۔ مترجم قاضی سجاد حسین صفحہ 20)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ سپین

8

تقریب پرچم کشائی، خطبہ جمعہ سے جلسہ سپین کا افتتاح اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

7 جنوری 2005ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر بیت بشارت میں پڑھائی۔ آج جمعۃ المبارک کے دن جماعت احمدیہ سپین کے بیسویں جلسہ سالانہ کا آغاز تھا۔ ایک بجکر پچپن منٹ پر پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔ حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ امیر صاحب سپین نے سپین کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔ پرچم کشائی کی یہ تقریب MTA پر Live نشر ہوئی۔

اس کے بعد حضور انور بیت بشارت سے ملحقہ مردانہ جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے جہاں حضور انور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ یہ خطبہ جمعہ MTA پر Live نشر ہوا۔ اور اسی خطبہ جمعہ کے ساتھ جماعت احمدیہ سپین کے بیسویں جلسہ سالانہ کا افتتاح عمل میں آیا۔

آج کا دن جماعت احمدیہ سپین کی تاریخ میں ایک تاریخی دن کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ جماعت احمدیہ سپین کا پہلا ایسا جلسہ سالانہ ہے جس میں خلیفۃ المسیح بنفس نفیس شرکت فرما رہے ہیں اور پھر سپین کی سرزمین سے خلیفۃ المسیح کا یہ پہلا خطبہ جمعہ اور پروگرام ہے جو MTA کے ذریعہ ساری دنیا میں Live دکھایا جارہا ہے۔ آج کے دن سرزمین سپین کو یہ دو سعادتیں حاصل ہوئی ہیں۔ الحمدللہ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ میں مالی قربانی کے موضوع پر احباب جماعت کو قرآن و حدیث اور حضرت اقدس مسیح موعود کے ارشادات اور رفقاء حضرت مسیح موعود کے پاک نمونوں کی مثالیں پیش کر کے مالی قربانی کی طرف توجہ دلائی اور وقف جدید کے 48ویں سال کا اعلان فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے زلزلہ سے متاثرہ علاقہ میں جماعت احمدیہ کی طرف سے

(مسلسل صفحہ 2 پر)

میاں محمد صدیق بانی اور صادقہ فضل سکالرشپس کا فائنل رزلٹ

2004ء کے امتحانات میں زیادہ سے زیادہ حاصل کردہ نمبروں کے مندرجہ ذیل مقابلہ جات کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کے مطابق اپنے اپنے گروپس میں مندرجہ ذیل احمدی طلبہ سرفہرست ہیں اور انعامات کے مستحق قرار پائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو مبارک فرمائے۔ تقریب تقسیم انعامات کے بارے میں ان کو جلد مطلع کردیا جائے گا۔

سکالرشپ برائے میٹرک

سائنس گروپ۔ عبدالمومن رضوان احمد ابن مکرم عبدالمنان فیاض صاحب حاصل کردہ نمبر 762۔ فیڈرل بورڈ اسلام آباد۔

جنرل گروپ۔ ملیحہ صادق بنت مکرم محمد صادق صاحب حاصل کردہ نمبر 650۔ فیصل آباد بورڈ۔

سکالرشپ برائے انٹرمیڈیٹ

پری انجینئرنگ گروپ۔ وجیہ سید بنت سید عبدالسلام باسط صاحب حاصل کردہ نمبر 951۔ فیڈرل بورڈ اسلام آباد

پری میڈیکل گروپ۔ سید مطاہر جمال ابن سید نور مبین شاہ صاحب۔ حاصل کردہ نمبر 961۔ فیصل آباد بورڈ

جنرل گروپ۔ محسن علی کامران ابن حنیف احمد کامران صاحب حاصل کردہ نمبر 883۔ فیصل آباد بورڈ

صادقہ فضل سکالرشپ

پری انجینئرنگ گروپ۔ محمد فاتح خان سیال ابن ارشاد اللہ خان سیال صاحب حاصل کردہ نمبر 940 لاہور بورڈ

پری انجینئرنگ گروپ۔ ہاجرہ عزیز بنت عزیز احمد صاحب۔ حاصل کردہ نمبر 930۔ کراچی بورڈ

پری میڈیکل گروپ۔ طیبہ ثروت بنت وسیم احمد طارق صاحب حاصل کردہ نمبر 949۔ کراچی بورڈ

پری میڈیکل گروپ۔ فائزہ بشریٰ بنت اظہر نور صاحب حاصل کردہ نمبر 939۔ لاہور بورڈ۔

جنرل گروپ۔ شائستہ صدیق بنت محمد صدیق صاحب حاصل کردہ نمبر 872۔ گوجرانوالہ بورڈ۔

(نظارت تعلیم)

انگلینڈ سے ماہر نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر شکیل احمد صاحب ماہر نفسیات مورخہ 18 جنوری 2005ء کو انگلینڈ سے وقف عارضی پر فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت منداحباب استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

قیام ربوہ کی بنیادی غرض

حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

ربوہ کی بنیاد کی غرض یہ تھی کہ یہاں زیادہ سے زیادہ نیکی اختیار کرنے والے دین دار لوگ آباد ہوں۔ اس مقام کی بنیاد اس لئے رکھی گئی تھی کہ وہ دین کی اشاعت کا مرکز ہو۔ پس یہاں بسنے والوں کو اس غرض سے بسنا چاہئے کہ وہ یہاں رہ کر دین کی اشاعت میں دوسروں سے زیادہ حصہ لیں گے۔ ہم نے اس مقام کو اس لئے بنایا ہے کہ تا اشاعت دین میں حصہ لینے والے لوگ یہاں جمع ہوں۔

(از خطبہ جمعہ 21 مئی 1954ء)

ضرورت محرر

ادارہ ہذا کو ایک بالمقطع محرر درجہ دوم کی ضرورت ہے جس کے لئے تعلیم کم از کم ایف۔اے، عمر چالیس سال سے زائد ہو اور دفتری امور و حسابات کا تجربہ رکھتے ہوں نیز صحت درجہ اول ہونا ضروری ہے۔ خواہش مند احباب اپنی درخواستیں 20 جنوری 2005ء تک صدر محلّہ کی تصدیق کے ساتھ دفتر طاہر فاؤنڈیشن احاطہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں پہنچادیں۔ تاریخ انٹرویو بعد میں بتائی جائے گی۔

(سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن ربوہ)

ربوہ میں پلاٹ خریدنے والے متوجہ ہوں

ربوہ میں قطعات و مکانات کی قیمتوں میں بے انتہا اضافہ ہو رہا ہے۔ گو ملک میں رئیل اسٹیٹس کی قیمتوں میں چڑھاؤ ہے۔ تاہم اس تناظر میں بھی یہاں قطعات کی قیمتیں غیر حقیقی ہوتی جارہی ہیں۔ چند مفاد پرست افراد مختلف طریقوں سے محض کاروباری اور ذاتی منفعت کی خاطر ناجائز طور پر قیمتوں کو بڑھانے میں ملوث ہیں۔ جو اس بستی کے قیام کی بنیادی غرض کو پامال کر رہے ہیں۔ اس لئے ایسے تمام احباب جو ربوہ میں ذاتی ضرورت کے تحت پلاٹ یا مکان کی خرید و فروخت کے خواہشمند ہیں وہ پورا جائزہ لے کر آئندہ سودے کریں۔ اور راہنمائی کے لئے مرکز میں متعلقہ شعبوں سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ ربوہ میں سکنی پلاٹس خرید کرتے ہوئے اس بستی کے وقار اور تقدس کا احترام ہر ایک کے لئے فرض لازم ہے۔

(نظارت امور عامہ ربوہ)

(بقیہ از صفحہ 1)

ہیومینٹی فرسٹ کے کاموں کا بھی ذکر فرمایا۔

خطبہ کے آخر پر حضور انور نے فرمایا کہ میں آپ لوگوں سے جو یہاں پر جلسہ سننے کے لئے آئے ہیں۔ آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس جلسے میں شمولیت آپ لوگوں کے لئے پاک تبدیلی کا باعث ہونی چاہئے۔ ایک دوسرے کو سلام کرنے کا رواج دیں۔ اس ماحول میں پیار اور محبت سے ملیں۔ یہاں جماعت اتنی چھوٹی ہے کہ ذرا سی بھی کمزوری یا اچھائی فوراً پورے ماحول میں پھیل جاتی ہے۔ اس لئے کوشش کریں کہ اگر کسی چیز کو پھیلانا ہے تو وہ نیکیوں کی، خیر کی، اچھی بات کی، پیار کی، محبت کی خوشبو پھیلانی ہے۔ ایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھنا ہے۔ دعاؤں پر زور دینا ہے۔ یہ دو دن آپ کا جلسہ ہے اس میں دنیا داری کی بجائے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اپنے ماحول کو معطر رکھنا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

نئے سال کی مبارکباد دیتے ہوئے حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمام جماعت کو یہ سال ہر لحاظ سے مبارک کرے اور اس ملک کے لئے بھی اور دنیا کے ہر ملک کے لئے یہ سال ہر لحاظ سے مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ تمام دنیا کے ممالک اور لوگوں کو پیار اور محبت سے رہنا سکھائے۔ دل کی نفرتیں اور کدورتیں دور ہوں۔ اللہ تعالیٰ ملکوں کے خلاف جنگوں اور ظلموں کو روکنے کے سامان پیدا فرمائے۔ لوگوں کو لوگوں کے حقوق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ہر آفت سے تمام انسانیت کو بچائے۔ کیونکہ جس طرح آجکل کے حالات ہیں بڑی تیزی سے اللہ تعالیٰ کے عذاب کو آواز دے رہے ہیں۔ اللہ رحم کرے اور سال برکتوں کا سال ہو نہ کہ عذاب کا سال۔ ہر احمدی کو پہلے سے بڑھ کر اخلاص اور وفا اور قربانی کے نمونے قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ عبادتوں کے معیار قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جب آپ اس ملک میں رہ رہے ہیں سپین میں اپنی تعداد بڑھانے کی خاص کوشش کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ توفیق دے۔

خطبہ جمعہ کے بعد تین بجے حضور انور نے نماز جمعہ وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ چھ بجے حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور جلسہ کے لئے اور حضور انور کی ملاقات کے لئے آنے والے مہمان ڈائریکٹر آف ریلیجئس افیئرز Mr Joaquin Mantelon نے حضور انور سے ملاقات کی۔ موصوف منسٹری آف جسٹس کے نمائندہ کے طور پر بھی تشریف لائے تھے۔ یہ ملاقات نصف گھنٹہ جاری رہی۔ موصوف جمعہ سے قبل تشریف لائے تھے پھر شام تک مشن ہاؤس میں ہی رہے۔

اس کے بعد فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ سپین کی چار جماعتوں، والنسیا، بارسلونا، پیدرو آباد اور میڈرڈ کی 22 فیملیز کے 92 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ ان ملاقات کرنے والوں میں پرتگال اور جرمنی سے آنے والے احباب و فیملیز بھی شامل تھیں۔ ملاقاتوں کا یہ پروگرام آٹھ بجے تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور نے جلسہ گاہ میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور لنگر خانہ میں کھانے کا جائزہ لینے کے لئے تشریف لے گئے اور ہدایات دیں۔

بیوت الحمد منصوبہ

قرآن کریم اور احادیث میں بیواؤں، غرباء اور بے سہارا لوگوں کی ضروریات زندگی کو پورا کرنے اور بہتر سہولتیں مہیا کرنے کو خدا تعالیٰ کے پیار حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے- بیوت الحمد منصوبہ اس عظیم مقصد کے پانے کا بہترین زینہ ہے- اس منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے- ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے- احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں- ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں-

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

دارالضیافت کے ذریعہ قربانی کرنے والے احباب

دارالضیافت کے ذریعہ بیرون از ربوہ سے قربانی کروانے کے خواہشمند احباب سے گزارش ہے کہ وہ اپنی رقوم حسب ذیل تفصیل کے مطابق جلد بھجوا کر ممنون فرماویں۔ تاکہ بروقت انتظام کیا جاسکے۔

(1) قربانی بکرا =/5000 روپے

(2) قربانی حصہ گائے =/2500 روپے

(نائب ناظر ضیافت۔ ربوہ)

کامیابی

مکرم ملک حبیب اللہ صاحب ایڈووکیٹ صدر جماعت زیورک مشاق سوئٹزرلینڈ لکھتے ہیں۔ خاکسار کی صاحبزادی مکرمہ سبین ملک صاحبہ نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور سے ایم ایس سی زوآلوجی کے فائنل 2004ء میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ سبین ملک صاحبہ ملک عنایت اللہ صاحب سمبڑیال ضلع سیالکوٹ کی پوتی اور ملک سراج دین صاحب مرحوم رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ ان کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی درخواست ہے

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح و تقریب شادی

مکرمہ عصمت نازیہ خان صاحبہ بنت مکرم عبدالستار خان صاحب مربی سلسلہ وسابق امیر و مربی انچارج سپین کی تقریب شادی مورخہ 9 جنوری 2005ء کو احاطہ جدید پریس دارالنصر غربی میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر عزیزہ عصمت نازیہ خان کا نکاح ہمراہ مکرم عبدالمعید خان صاحب ابن مکرم عبدالمنان خان صاحب آف امریکہ بحق مہر 3,50,000 روپے محترم سید کمال یوسف صاحب سابق مربی انچارج سکنڈے نیوین ممالک نے پڑھا اور دعا کروائی۔ اگلے روز احاطہ ایوان محمود میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر بھی آپ نے دعا کروائی۔ عزیزہ مکرمہ عصمت نازیہ محترم مولوی عبدالکریم خان صاحب مرحوم صدر جماعت خوشاب کی پوتی اور حضرت مولوی فضل دین صاحب یکے از 313 رفقاء کی نسل سے ہے جبکہ عبدالمعید خان صاحب حضرت مولوی عبدالمغنی خان صاحب مرحوم ناظر مال۔ وکیل التبشیر اور ناظر دعوت الی اللہ کے پوتے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ رشتہ جانبین کیلئے ہر لحاظ سے بہت مبارک اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

اعلان داخلہ

دی انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، پری انٹری پروفیشنسی ٹیسٹ (پی پی ٹی) کے آئندہ پروگرام کا اعلان کرتا ہے یہ پروگرام گریجویٹس اور نان گریجویٹس کیلئے آفر کیا گیا ہے۔ درخواست فارم کی وصولی کی آخری تاریخ 14 فروری 2005ء ہے جبکہ ٹیسٹ مورخہ 14 مارچ 2005ء پیر کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 9 جنوری 2005ء ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

محکمہ لائیوسٹاک کی فری ہیلپ لائن

حکومت پنجاب کی ہدایت پر محکمہ لائیوسٹاک نے فری ہیلپ لائن 0800-78686 کا آغاز کیا ہے۔ مویشی پال حضرات اب ایک ٹیلی فون کال پر۔

☆ ڈیری فارمنگ ☆ پولٹری فارمنگ

☆ متوازن خوراک ☆ نسل کشی

☆ بھیڑ بکریوں کی افزائش ☆ صحت و بیماری

☆ آرام دہ رہائش ☆ مارکیٹنگ

کے بارہ میں صبح 9:00 بجے سے دوپہر ایک بجے تک اور جمعہ کو 12:00 بجے دوپہر تک مفت مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔ (نظارت صنعت وتجارت)

ولادت

مکرم ڈاکٹر مبارک احمد شریف صاحب مریم ہسپتال دارالصدر ربوہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے میری بھتیجی مکرمہ نمود سحر صاحبہ زوجہ مکرم کاشف محمود صاحب آف اسلام آباد کو مورخہ 10 جنوری 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے جو وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ حضور انور نے نومولود کا نام عاطف محمود عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم ملک عبدالقادر صاحب پراپرٹی پیلس ایف ٹین اسلام آباد کا پوتا اور مکرم برادرم حنیف احمد محمود صاحب مربی ضلع اسلام آباد کا پہلا نواسہ ہے۔ نومولود مکرم چوہدری نذیر احمد سیالکوٹی (مرحوم) کی تیسری نسل سے پہلی اولاد ہے اور مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن کی بھانجی کا بیٹا ہے۔ احباب جماعت دعا کریں اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح خادم سلسلہ اور وقف نو کے تمام تقاضوں پر پورا اترنے والا بنائے نیز والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے اور زچہ کے لئے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ صحت سے رکھے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم پروفیسر محمد رشید طارق صاحب جنرل سیکرٹری حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور لکھتے ہیں۔ مکرم رانا مبارک احمد صاحب، صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور دل کی تکلیف کی وجہ سے ایک ہفتہ شیخ زاید ہسپتال کے C.C.U میں زیر علاج رہے ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بہتر ہیں۔ مکرم رانا صاحب جماعت کے مخلص کارکن ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد از جلد صحت کاملہ سے نوازے۔ آمین

مکرم قدیر احمد ناصر صاحب فیکٹری ایریا احمد ربوہ لکھتے ہیں۔ میرے والد محترم فضل کریم قمر صاحب فیکٹری ایریا احمد ربوہ کو دل کا شدید اٹیک ہوا اسی وقت فضل عمر ہسپتال ربوہ میں آئی سی یو میں داخل کروایا گیا احباب سے دردمندانہ دل سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے والد صاحب کو صحت وتندرستی عطا فرمائے۔ خدمت دین کرنے والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

مکرم مرزا منیر اللہ بیگ صاحب کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور گردے کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی مکمل شفایابی کی درخواست ہے۔

ولادت

مکرم ڈاکٹر منصور احمد صاحب فیصل ٹاؤن لاہور کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 16 اکتوبر 2004ء کو اپنے فضل سے ایک بیٹی اور بیٹے کے بعد دوسری بیٹی عطا کی ہے۔ جس کا نام نطالیہ منصور تجویز کیا گیا ہے احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو نیک قسمت اور خادمہ دین بنائے۔ آمین

وقف جدید کے پس منظر کے بارے میں حضرت مصلح موعود کا پرمعارف اور تاریخی خطبہ

ایسے نوجوان تیار ہوں جو اپنی زندگیاں میرے سامنے وقف کریں اور میری ہدایت کے ماتحت کام کریں

قربانیوں کی عید ہمیں اس طرف توجہ دلاتی ہے کہ ہم خدا تعالیٰ اور اس کے دین کے لئے خدا کے نام کو بلند کریں

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الثانی کے خطبہ عید الاضحیہ فرمودہ 9 جولائی 1957ء کا ایک حصہ

درحقیقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے وادی مکہ میں چھوڑ آنے کے متعلق یہ رویا دکھائی گئی تھی۔ کیونکہ ایک بے آب وگیاہ وادی میں بیٹھ جانا بھی بہت بڑی قربانی ہے۔ جیسے شروع شروع میں ربوہ میں چند آدمی خیمے لگا کر بیٹھ گئے تھے تا کہ اسے آباد کیا جائے۔ وہ آدمی درحقیقت اس وقت اسماعیلی سنت کو پورا کر رہے تھے۔ وہ صرف اس لئے یہاں بیٹھ گئے تھے کہ آئندہ یہاں ربوہ آباد کیا جائے۔ اگر وہ قربانی نہ کرتے اور ربوہ میں آ کر خیمے لگا کر نہ بیٹھ جاتے تو نہ یہ شہر بنتا نہ سڑکیں بنتیں، نہ بازار بنتے، نہ مکانات بنتے اور یہ جگہ پہلے کی طرح چٹیل میدان ہی رہتی۔

فری تھنکنگ تحریک کا پس منظر

امریکہ میں جو فری تھنکنگ (Free Thinking) کی تحریک پیدا ہوئی ہے اس کا بانی ایک فرانسیسی شخص ہے۔ اس نے اپنا قصہ یہی لکھا ہے کہ میں ایک دن اپنے باپ کے ساتھ ایک پادری کا وعظ سننے گیا تو وہاں اس نے یہ کہا کہ ابراہیم بڑا نیک انسان تھا اس نے خدا کی خاطر اپنے اکلوتے بیٹے کے گلے پر چھری پھیر دی۔ وہ لکھتا ہے کہ اتفاق کی بات ہے میں بھی اپنے باپ کا اکلوتا بیٹا ہی تھا۔ میں وہاں سے نکل بھاگا۔ میرے دل میں یہ خوف پیدا ہوا کہ اگر میرے باپ کو یہ خطبہ پسند آ گیا تو وہ کہیں میری گردن پر بھی چھری نہ پھیر دے۔ میں سمندر پر گیا۔ وہاں ایک امریکہ جانے والا جہاز کھڑا تھا۔ میں اس میں گھس گیا اور کسی کونہ میں چھپ کر بیٹھ گیا۔ اور اس طرح امریکہ پہنچ گیا۔ یہاں آ کر میں نے یہ دہریوں والی تحریک چلائی۔

قربانی کی اصل روح

غرضیکہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل علیہما السلام کی قربانی کو غلط شکل میں پیش کیا جاتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رویا کا یہ مطلب تھا کہ آپ اپنی مرضی سے اور یہ جانتے بوجھتے ہوئے کہ وادی مکہ ایک بے آب وگیاہ جنگل ہے اور وہاں کھانے پینے کو کچھ نہیں ملتا۔ اپنی بیوی اور بچے کو وہاں چھوڑ آئیں۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا۔ جب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام بڑے ہوئے تو آپ نے اپنی نیکی اور تقویٰ کے ساتھ اپنے گرد لوگوں کا ایک گروہ جمع کر لیا۔ اور انہیں نماز اور زکوٰۃ اور صدقہ وخیرات کی تحریک کر کے اور اسی طرح عمرہ اور حج کے طریق کو جاری کر کے آپ نے مکہ کو آباد کرنا شروع کیا۔ چنانچہ ان کی قربانیوں کے نتیجہ میں صدیوں سے مکہ آباد چلا آتا ہے۔ قریباً تین ہزار سال سے برابر خانہ کعبہ آباد ہے اور اس کا طواف اور حج کیا جاتا ہے۔

پس عیدالاضحیہ کی قربانی بے شک اس قربانی کی یاد دلاتی ہے مگر اس قربانی کی یاد نہیں دلاتی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ظاہری شکل میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی گردن پر چھری پھیر دی۔

قربانیوں کی عید کا سبق

درحقیقت قربانیوں کی عید ہمیں اس طرف توجہ دلاتی ہے کہ ہم خدا تعالیٰ کی خاطر اور اس کے بعد دین کے لئے جنگلوں میں جائیں اور وہاں جا کر خدا تعالیٰ کے نام کو بلند کریں۔ اور لوگوں سے اس کے رسول کا کلمہ پڑھوائیں جیسا کہ ہمارے صوفیاء کرام کرتے چلے آئے ہیں۔ اگر ہم ایسا کریں تو یقیناً ہماری قربانی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی کے مشابہ ہو گی۔ ہم یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ وہ قربانی بالکل حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی کی طرح ہو جائے گی کیونکہ دلوں کی کیفیت مختلف ہوتی ہے۔ حضرت اسمٰعیل کے دل کی حالت اور تھی اور زمانہ کے لوگوں کے دلوں کی حالت اور ہے۔ مگر بہر حال وہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی کے مشابہ ضرور ہو جائے گی۔ پس تم اپنے آپ کو اس قربانی کے لئے پیش کرو۔ میرے نزدیک اس زمانہ میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی کے مشابہ قربانی وہ (مربی) کر رہے ہیں جو مشرقی اور مغربی افریقہ میں (دعوت الی اللہ) کا کام کر رہے ہیں۔ وہ غیر آباد ملک میں جن میں کوئی شخص خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کا نام نہیں جانتا تھا لیکن ان لوگوں نے وہاں پہنچ کر انہیں خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کا نام بتایا۔ میں پہلے بھی ایک خطبہ میں بتا چکا ہوں کہ مغربی افریقہ کے ایک ملک میں عیسائیوں نے اپنے پریس میں احمدی اخبار کا چھاپنا بند کر دیا تو ہمارے (مربی) انچارج جماعت کا علیحدہ پریس لگانے کے سلسلہ میں چندہ اکٹھا کرنے کے لئے ایک جگہ گئے۔ وہاں انہیں ایک ایسا آدمی ملا جسے انہوں نے بڑی (دعوت الی اللہ) کی تھی مگر اس نے احمدیت قبول نہیں کی تھی۔ بعد میں اس کے پاس ایک مقامی (مربی) پہنچا تو اس نے کہا کہ تمہارے پاکستانی (مربی) نے مجھے (دعوت الی اللہ) کی ہے لیکن اگر یہ دریا (وہ اس وقت دریا کے کنارے جا رہے تھے) اپنا رخ پھیر کر الٹی طرف چل پڑے تو یہ بات ممکن ہے لیکن میرا احمدیت کو قبول کرنا ناممکن ہے۔ لیکن کچھ دن اس (مربی) کی صحبت میں رہنے کا اس پر ایسا اثر ہوا کہ وہ احمدی ہو گیا۔ ہمارے (مربی) انچارج کہتے ہیں کہ جب میں وہاں چندہ لینے گیا تو اتفاقاً وہ شخص اس شہر میں آیا ہوا تھا۔ وہ مجھے ملا اور کہنے لگا۔ آپ یہاں کیسے تشریف لائے ہیں۔ میں نے اسے اپنی آمد کا مقصد بتایا اور کہا کہ عیسائیوں نے اپنے پریس میں ہمارا اخبار شائع کرنے سے انکار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ اگر تمہارے خدا میں طاقت ہے تو اسے چاہئے کہ وہ کوئی معجزہ دکھائے اور تمہارا اپنا پریس جاری کر دے۔ پس میں اپنا علیحدہ پریس لگانے کے لئے چندہ اکٹھا کرنے آیا ہوں۔ اس پر وہ احمدی دوست کہنے لگا۔ مولوی صاحب! یہ تو بڑی بے غیرتی ہے کہ اب ہمارا اخبار پریس میں نہ چھپے۔ آپ یہاں کچھ دیر انتظار کریں میں ابھی آتا ہوں۔ اس کا گاؤں قریب ہی تھا۔ وہ وہاں گیا اور تھوڑی دیر کے بعد واپس آ کر اس نے پانچ سو پونڈ کی رقم مولوی صاحب کے ہاتھ میں دے دی اور کہا کہ پریس کے سلسلہ میں یہ میرا چندہ ہے۔ اس کے بعد خدا تعالیٰ کے فضل سے اس مد میں 2500 پونڈ کے قریب چندہ جمع ہو چکا ہے اور اب سنا ہے کہ پریس لگ رہا ہے یا کم از کم وہ انگلستان سے چل چکا ہے۔

واقفین کو درپیش مشکلات

غرض ہمارے یہ (مربی) ایسے ممالک میں کام کر رہے ہیں جہاں جنگل ہی جنگل ہیں۔ شروع شروع میں جب ہمارے (مربی) وہاں گئے تو بعض دفعہ انہیں وہاں درختوں کی جڑیں کھانی پڑتی تھیں اور وہ نہایت تنگی سے گزارہ کرتے تھے جس کی وجہ سے ان کی صحت خراب ہو جاتی تھی۔ گو اب ہمارے آدمیوں کے میل ملاپ کی وجہ سے ان لوگوں میں کچھ نہ کچھ تہذیب آ گئی ہے۔ ان ممالک کو سفید آدمیوں کی قبر کہا جاتا ہے کیونکہ وہاں کھانے پینے کی چیزیں نہیں ملتیں۔ جب سفید آدمی وہاں جاتے ہیں تو وہ مناسب خوراک نہ ملنے کی وجہ سے مر جاتے ہیں اور پیچش وغیرہ بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ غرض اس زمانہ میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے زیادہ سے زیادہ مشابہت ہمارے (مربیان) کو حاصل ہے جو اس وقت مشرقی اور مغربی افریقہ میں کام کر رہے ہیں۔ کیونکہ وہ ملک اس وقت بھی جنگل ہیں اور دنیا میں کوئی اور ملک جنگل نہیں۔ امریکہ بھی آباد ہے یورپ بھی آباد ہے۔ اور مڈل ایسٹ بھی آباد ہو چکا ہے لیکن افریقہ کے اکثر علاقے اب بھی غیر آباد ہیں۔ ان میں (دعوت الی اللہ) کرنے والوں کو بڑے لمبے سفر کرنے پڑتے ہیں اور بڑی جانکاہی کے بعد لوگوں تک (احمدیت کو) پہنچانا پڑتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے یہ ملک ہمارے لئے رکھے تھے تا کہ ہمارے نوجوان ان میں کام کر کے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے مشابہت حاصل کریں۔ پس خدا تعالیٰ کے فضل سے ہمارے نوجوان افریقہ کے جنگلات میں بھی کام کر رہے ہیں۔

تعلیم وتربیت کے لئے نئے نظام کا خاکہ

مگر میرا خیال ہے کہ اس ملک میں بھی اس طریق کو جاری کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ میں چاہتا ہوں کہ اگر کچھ نوجوان ایسے ہوں جن کے دلوں میں خواہش ہو کہ وہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت شہاب الدین سہروردی کے نقش قدم پر چلیں تو جس طرح جماعت کے

نوجوان اپنی زندگیاں تحریک جدید کے ماتحت وقف کرتے ہیں وہ اپنی زندگیاں براہ راست میرے سامنے وقف کریں۔ تا کہ میں ان سے ایسے طریق پر کام لوں کہ وہ (احمدیوں) کو تعلیم دینے کا کام کرسکیں۔ وہ مجھ سے ہدایتیں لیتے جائیں اور اس ملک میں کام کرتے جائیں۔ ہمارا ملک آبادی کے لحاظ سے ویران نہیں۔ لیکن روحانیت کے لحاظ سے بہت ویران ہو چکا ہے۔ اور آج بھی اس میں چشتیوں کی ضرورت ہے، سہروردیوں کی ضرورت ہے، نقشبندیوں کی ضرورت ہے۔ اگر یہ لوگ آگے نہ آئے اور حضرت معین الدین صاحبؒ چشتی، حضرت شہاب الدین صاحب سہروردیؒ اور حضرت فریدالدین صاحب شکر گنج جیسے لوگ پیدا نہ ہوئے تو یہ ملک روحانیت کے لحاظ سے اور بھی ویران ہو جائے گا۔ بلکہ یہ اس سے زیادہ ویران ہو جائے گا جتنا مکہ مکرمہ کسی زمانہ میں آبادی کے لحاظ سے ویران تھا۔ پس میں چاہتا ہوں کہ **جماعت کے نوجوان ہمت کریں اور اپنی زندگیاں اس مقصد کے لئے وقف کریں۔ وہ صدر انجمن احمدیہ یا تحریک جدید کے ملازم نہ ہوں بلکہ** اپنے گزارہ کے لئے وہ طریق اختیار کریں جو میں انہیں بتاؤں گا۔ اور اس طرح آہستہ آہستہ دنیا میں نئی آبادیاں قائم کریں۔ اور طریق آبادی کا یہ ہوگا کہ وہ حقیقی طور پر تو نہیں ہاں معنوی طور پر قادیان کی محبت اپنے دل سے نکال دیں اور باہر جا کر نئے ربوے اور نئے قادیان بسائیں۔ ابھی اس ملک میں کئی علاقے ایسے ہیں جہاں میلوں میل تک کوئی بڑا قصبہ نہیں۔ وہ جا کر کسی ایسی جگہ بیٹھ جائیں اور حسب ہدایت وہاں (دعوت الی اللہ) بھی کریں اور لوگوں کو تعلیم بھی دیں۔ لوگوں کو قرآن کریم اور حدیث پڑھائیں اور اپنے شاگرد تیار کریں جو آگے اور جگہوں پر پھیل جائیں۔ اس طرح سارے ملک میں وہ زمانہ دوبارہ آجائے گا جو پرانے صوفیاء کے زمانہ میں تھا۔

صوفیاء کرام کے نمونہ کو اختیار کرو

دیکھو ہمت والے لوگوں نے پچھلے زمانہ میں بھی کوئی کمی نہیں کی۔ یہ دیوبند جو ہے یہ ایسے ہی لوگوں کا قائم کیا ہوا ہے۔ مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ نے حضرت سید احمد صاحب بریلویؒ کی ہدایت کے ماتحت یہاں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کر دیا تھا۔ اور آج سارا ہندوستان ان کے علم سے منور ہو رہا ہے۔ حالانکہ وہ زمانہ حضرت معین الدین چشتی کے زمانہ سے کئی سو سال بعد کا تھا۔ لیکن پھر بھی روحانی لحاظ سے وہ اس سے کم نہیں تھا جب کہ ان کے زمانہ میں اسلام ہندوستان میں ایک مسافر کی شکل میں تھا۔ اس زمانہ میں بھی وہ ہندوستان میں ایک مسافر کی شکل میں ہی تھا۔ حضرت سید احمد صاحب بریلویؒ نے اپنے شاگردوں کو ملک کے مختلف حصوں میں بھجوایا جن میں سے ایک ندوہ کی طرف بھی آیا۔ پھر ان کے ساتھ اور لوگ مل گئے اور ان سب نے اس ملک میں دین (۔) کی بنیادیں مضبوط کیں۔ اب چاہیے ان کی اولاد خراب ہو گئی ہے (اللہ تعالیٰ ہماری اولادوں کو بچائے کہ وہ خراب نہ ہوں) لیکن ان کی اولادوں کی خرابی ان کے اختیار میں نہیں تھی۔ انہوں نے تو جس حد تک ہو سکا دین کی خدمت کی بلکہ جہاں تک صلبی اولاد کا تعلق تھا مولانا محمد قاسم صاحبؒ کی اولاد پھر بھی دوسروں سے بہت بہتر ہے۔

دارالعلوم ندوہ کے دورہ کا ایک واقعہ

میں جب ندوہ دیکھنے گیا تو مولویوں نے ہماری بڑی مخالفت کی۔ مگر مولوی محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے بیٹے یا پوتے جو ان دنوں ندوہ کے منتظم تھے انہوں نے میرا بڑا ادب کیا اور مدرسہ والوں کو حکم دیا کہ جب یہ لوگ آئیں تو ان سے اعزاز کے ساتھ پیش آئیں۔ بعد میں انہوں نے میری دعوت بھی کی لیکن میں پیچش کی وجہ سے اس دعوت میں شریک نہ ہو سکا۔ میرے ساتھ سید سرور شاہ صاحب، حافظ روشن علی صاحب، اور قاضی سید امیر حسین صاحب بھی تھے۔ اس سے پتہ لگتا ہے کہ ان کے اندر ابھی مولوی محمد قاسم صاحب نانوتویؒ والی شرافت باقی تھی۔ اگر ان میں شرافت نہ ہوتی تو ہمارے جانے پر جیسے اور مولویوں نے مظاہرے کئے تھے وہ بھی مظاہرہ کرتے لیکن انہوں نے مظاہرہ نہیں کیا اور بڑے ادب سے پیش آئے اور بڑی محبت کے ساتھ انہوں نے ہماری دعوت کی۔ اور استقبال کیا۔ بعد میں انہوں نے مولوی عبید اللہ صاحب سندھی کو ہمارے پاس بھجوایا اور معذرت کی کہ مجھے پتہ لگا ہے کہ بعض مولویوں نے آپ سے گستاخانہ کلام کیا ہے مجھے اس کا بڑا افسوس ہے۔ میں انہیں ہمیشہ کہتا رہتا ہوں کہ ایسا نہ کریں لیکن وہ سمجھتے نہیں۔ اس وقت مولوی عبید اللہ صاحب سندھی جو بڑے متمدن اور مہذب آدمی تھے ان کے مشیر کار تھے اور وہ مولوی صاحب کا بڑا لحاظ کرتے تھے اور انہیں بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ان کی باتیں مانتے تھے۔ لیکن اصل بات یہی ہے کہ ماننے والے کے اندر جب تک اطاعت کا مادہ نہ ہو چاہے اسے کوئی کتنا بڑا آدمی ہی کیوں نہ مل جائے وہ مفید نہیں ہو سکتا۔ مولوی محمد قاسم صاحبؒ کے بیٹے یا پوتے جن کا میں نے ذکر کیا ہے ان کا نام غالباً محمد یا احمد تھا، مولوی عبید اللہ صاحب سندھیؒ انہیں صحیح مشورہ دیتے رہتے تھے اور ان سے ایسا کام لیتے تھے جس سے اسلامی اخلاق صحیح طور پر ظاہر ہوں۔ چنانچہ اسی کا یہ نتیجہ تھا کہ انہوں نے میرا بڑا ادب کیا اور دعوت کی اور بعد میں مولوی عبید اللہ صاحب سندھی کو میرے پاس بھیج کر معذرت کی کہ بعض مولویوں نے آپ کے ساتھ گستاخانہ کلام کیا ہے جس کا مجھے افسوس ہے آپ اس کی پرواہ نہ کریں۔ تو ہماری جماعت کے لئے اس ملک میں بھی ابھی صوفیاء کے طریق پر کام کرنے کا موقعہ ہے جیسا کہ دیوبند کے قیام کے زمانہ میں ظاہری آبادی تو بہت تھی لیکن روحانی آبادی کم ہو گئی تھی۔ روحانی آبادی کی کمی کی وجہ سے مولوی محمد قاسم صاحب نانوتویؒ نے دیکھ لیا کہ یہاں اب روحانی نسل جاری کرنی چاہئے تا کہ یہ علاقہ اسلام اور روحانیت کے نور سے منور ہو جائے۔ چنانچہ انہوں نے بڑا کام کیا۔ جیسے ان کے پیر حضرت سید احمد صاحب بریلوی نے بڑا کام کیا تھا۔ اور جیسے ان کے ساتھی حضرت اسمٰعیل صاحب شہید کے بزرگ اعلیٰ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے بڑا کام کیا تھا۔ یہ سارے کے سارے لوگ اپنے زمانہ کے لئے اسوہ حسنہ ہیں۔ درحقیقت ہر زمانہ کا فرستادہ اور خدا تعالیٰ کا مقرب بندہ اپنے زمانہ کے لئے اسوہ حسنہ ہوتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے زمانہ کے لئے اسوہ حسنہ تھے (باقی انبیاء اپنے اپنے زمانہ کے لئے اسوۂ حسنہ تھے) سید احمد صاحبؒ سرہندی اپنے زمانہ کے لئے اسوۂ حسنہ تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب دہلویؒ اپنے زمانہ کے لئے اسوۂ حسنہ تھے اور حضرت سید احمد صاحب بریلویؒ اپنے زمانہ کے لئے اسوۂ حسنہ تھے۔ پھر دیوبند کے جو بزرگ تھے وہ اپنے زمانہ کے لئے اسوۂ حسنہ تھے۔ اپنے پیچھے ایک نیک ذکر دنیا میں چھوڑا ہے۔ ہمیں اس کی قدر کرنی چاہئے۔ اسے یاد رکھنا چاہئے اور اس کی نقل کرنی چاہئے۔

نوجوان قربانی کے لئے آگے آئیں

سو آج بھی زمانہ ہے کہ ہمارے نوجوان جن میں اس قربانی کا مادہ ہو کہ وہ اپنے گھر بار سے علیحدہ رہ سکیں۔ بے وطنی میں ایک نیا وطن بنائیں اور پھر آہستہ آہستہ اس کے ذریعہ سے تمام علاقہ میں نور (دین حق) اور نور ایمان پھیلائیں۔ اپنے آپ کو اس غرض کے لئے وقف کریں۔ میرے نزدیک یہ کام بالکل ناممکن نہیں بلکہ ایک سکیم میرے ذہن میں آ رہی ہے۔ اگر ایسے نوجوان تیار ہوں جو اپنی زندگیاں تحریک جدید کو نہیں بلکہ میرے سامنے وقف کریں اور میری ہدایت کے ماتحت کام کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ خدمت (دین) کا ایک بہت بڑا موقعہ اس زمانہ میں ہے جیسا کہ مولوی محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے زمانہ میں تھا۔ یا جیسا کہ حضرت سید احمد صاحب بریلویؒ اور دوسرے صوفیاء یا اولیا کے زمانہ میں تھا۔

(الفضل یکم اگست 1957ء)

طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد

آنحضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ہر مرد و عورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جسے یہ فخر حاصل ہے کہ وہ اپنے آقا کے اس ارشاد کی تعمیل میں پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے لیکن ابھی جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو اپنے بچوں کو غربت کی وجہ سے تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کر پاتے اور مالی اعانت کے مستحق ہیں۔ ایسے نادار، مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ پاکستان میں ایک شعبہ امداد طلبہ قائم ہے جو مشروط بآمد ہے اور کلیتہً مخیر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیہ جات اور مالی معاونت سے چل رہا ہے اور یہ شعبہ مندرجہ ذیل Levels پر طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد کرتا ہے۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم 5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں اوسطاً سالانہ فیس کی شرح فی طالب علم درج ذیل ہے۔

1۔ پرائمری/سیکنڈری پرائیویٹ ادارہ جات 2ہزار تا 6 ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 300 تا 600 روپے

2۔ کالج پرائیویٹ ادارہ جات 6ہزار تا 12ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 2400 روپے

3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات 50ہزار تا ایک لاکھ روپے حکومتی ادارہ جات 10,ہزار تا 30ہزار روپے اسی طرح شعبہ امداد طلبہ سینکڑوں طلباء و طالبات کی مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں نیز اپنے حلقہ احباب کو بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ دل کھول کر رقوم بھجوائیں تا کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت عطا فرمائے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء۔ نظارت تعلیم)

حضور انور کی سیکرٹریان تعلیم کو پُر معارف نصائح

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 5 دسمبر 2003ء میں سیکرٹریان تعلیم کو نہایت اہم اور قیمتی نصائح ارشاد فرمائیں۔ یہ ہدایات سیکرٹریان تعلیم کی خصوصی توجہ کے لئے شائع کی جارہی ہیں۔

پھر سیکرٹری تعلیم ہے۔ عموماً سیکرٹریان تعلیم جماعتوں میں اتنے فعال نہیں جتنے ان سے توقع کی جاتی ہے یا کسی عہدیدار سے توقع کی جاسکتی ہے۔ اور یہ میں یونہی اندازے کی بات نہیں کر رہا، ہر جماعت اپنا اپنا جائزہ لے لے تو پتہ چل جائے گا کہ بعض سیکرٹریان پورے سال میں کوئی کام نہیں کرتے۔ حالانکہ مثلاً سیکرٹری تعلیم کی مثال دے رہا ہوں، سیکرٹری تعلیم کا یہ کام ہے کہ اپنی جماعت کے ایسے بچوں کی فہرست بنائے جو پڑھ رہے ہیں، جو سکول جانے کی عمر کے ہیں اور سکول نہیں جارہے۔ پھر وجہ معلوم کریں کہ کیا وجہ ہے وہ سکول نہیں جارہے۔ مالی مشکلات ہیں یا صرف نکماپن ہی ہے۔ اور ایک احمدی بچے کو تو توجہ دلانی چاہئے کہ اس طرح وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ مثلاً پاکستان میں ہر بچہ کے لئے خلیفۃ المسیح الثالث نے یہ شرط لگائی تھی کہ ضرور میٹرک پاس کرے۔ بلکہ اب تو معیار کچھ بلند ہوگئے ہیں اور میں کہوں گا کہ ہر احمدی بچے کو ایف۔اے ضرور کرنا چاہئے۔

افریقہ میں جو کم از کم معیار ہے پڑھائی کا۔ سیکنڈری سکول کا یا جی سی ایس سی، یہاں بھی ہے، وہاں بھی۔ اسی طرح ہندوستان اور بنگلہ دیش اور دوسرے ملکوں میں، یہاں بھی میں نے دیکھا ہے کہ یورپ کے اور امریکہ کے بعض لڑکے ملتے ہیں وہ پڑھائی چھوڑ بیٹھے ہیں۔ تو یہ کم از کم معیار ضرور حاصل کرنا چاہئے۔ بلکہ جہاں تک تعلیمی سہولتیں ہیں بچوں کو اور بھی آگے پڑھنا چاہئے۔ اور سیکرٹریان تعلیم کو اپنی جماعت کے بچوں کو اس طرف توجہ دلاتے رہنا چاہئے۔ اگر تو یہ بچے جس طرح میں نے پہلے کہا، کسی مالی مشکل کی وجہ سے انہوں نے پڑھائی چھوڑی ہوئی ہے تو جماعت کو بتائیں۔ جماعت (۔) حتی الوسع ان کا انتظام کرے گی۔ اور پھر یہ بھی ہوتا ہے بعض دفعہ کہ بعض بچوں کو عام روایتی پڑھائی میں دلچسپی نہیں ہوتی۔ اگر اس میں دلچسپی نہیں ہے تو پھر کسی ہنر کے سیکھنے کی طرف بچوں کو توجہ دلائیں۔ وقت بہر حال کسی احمدی بچے کا ضائع نہیں ہونا چاہئے۔ پھر ایسی فہرستیں ہیں جو ان پڑھے لکھوں کی تیار کی جائیں جو آگے پڑھنا چاہتے ہیں۔ ہائر سٹڈیز کرنا چاہتے ہیں لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے نہیں پڑھ سکتے تو جس حد تک ہوگا جماعت ایسے لوگوں کی مدد کرے گی۔ بہر حال سیکرٹریان تعلیم کو خود بھی اس سلسلے میں Active ہونا پڑے گا اور ہونا چاہئے۔ تو یہ چند مثالیں ہیں۔ جو ذمہ داری ہے سیکرٹری تعلیم کی، اور بھی بہت سارے کام ہیں اس بارہ میں چند مثالیں میں نے دی ہیں۔ اگر محلے کے لیول سے لے کر نیشنل لیول تک سیکرٹریان تعلیم مؤثر ہو جائیں اور کام کرنے والے ہوں تو یہ تمام باتیں جو میں نے بتائی ہیں اور ان کے علاوہ بھی اور بہت ساری باتیں ہیں ان سب کا علم ہوسکتا ہے۔ فہرست تیار ہوسکتی ہے اور پھر ایسے طلباء کو مدد کر کے پھر آگے پڑھایا بھی جاسکتا ہے۔

(الفضل 22 مارچ 2004ء)

مکرم پیر مطہر احمد صاحب کی یاد میں

مبارک احمد بھٹی صاحب

مکرم پیر مطہر احمد صاحب 49 سال کی عمر میں مورخہ 12/ اکتوبر 2004ء کو شام سات بجے اسلام آباد میں وفات پاگئے۔ دفتر سے واپسی پر سینے میں درد محسوس ہوا گھر میں داخل ہوئے تو بیٹی کو سینے میں درد کا کہا بیگم صاحبہ اجلاس پر گئی ہوئی تھیں فوراً واپس آکر ڈاکٹر کو ابھی لائی ہی تھیں کہ انہی چند لمحوں میں مطہر احمد صاحب خالق حقیقی سے جاملے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

مکرم پیر مطہر احمد صاحب مکرم پیر صلاح الدین صاحب کے چشم و چراغ تھے جو حضرت میر محمد اسماعیل صاحب (رفیق حضرت مسیح موعود) کے داماد تھے۔ ایک بہت ہی نیک خاندان کا پسر ہونے کا ثبوت ان کی شرافت اور انداز بیان تھا۔ خاندانی وجاہت کے باوجود بہت سادہ طبیعت کے مالک تھے بہت کم گو۔ میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ بغیر کسی سوال کے بولے ہوں جو پوچھا گیا بس اس کا ہی جواب ملا جو پوچھنا ہوتا اس کے لئے اتنے ہی مناسب سے الفاظ ادا کئے۔ میری ان سے پہلے زیادہ واقفیت تو نہیں تھیں۔ لیکن میں اس فیملی کو جانتا تھا اور پھر جب خدا تعالیٰ نے مجھے جماعت کی خدمت کا موقع دیا تو میں نے جماعت میں آکر ایسے ایسے ہیرے دیکھے جن کا میں تصور بھی نہیں کرسکتا جو جماعت کی خدمت کی اتنی تڑپ اور دن رات کام کا جذبہ لئے بیت الذکر میں آتے ہیں اور اپنے کام میں مشغول بغیر کسی انعام کے صرف خدا اور اس کی جماعت کو وقت دے کر اپنے حقیقی مولا کو خوش کرنے کا عزم لئے ہوتے ہیں اور اپنے جاہ و جلال اپنی اور خاندانی وجاہت کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ اور بس کام ہی کام کئے جاتے ہیں۔

پیر مطہر احمد صاحب کو میں اسلام آباد بیت الذکر میں بطور کلرک آنے سے پہلے بھی جانتا تھا علیک سلیک بھی تھی لیکن وہ نہیں جانتے تھے کہ یہ احمدی لڑکا ہے۔ کچھ عرصہ سے جب سے انہوں نے جماعت احمدیہ اسلام آباد میں چندوں اور تجنید کے لئے سافٹ ویئر بنانا شروع کیا تو اس وقت سے میری واقفیت بڑھتی گئی۔ کبھی کبھی میں فارغ ہوتا تو کچھ سیکھنے کے لئے ان کے پاس جا کر بیٹھ جاتا میں نے ان کو بہت اچھا اور مہربان پایا۔ ان کے ساتھ کام کرنے والے مکرم چوہدری امانت علی چیمہ صاحب بتاتے ہیں کہ جب بھی مجھے اپنے کام کے سلسلے میں ان کی ضرورت پڑی، پیغام بھجوایا، فوراً آجاتے بلکہ ایک دفعہ تو ربوہ میں تھے میں نے ان کے بیٹے کے ہاتھ پیغام بھجوایا پھر وہاں سے ہی فون کر کے سمجھایا اور ساتھ کہا کہ اگر مزید ضرورت پڑے تو میں دفتر سے آدمی بھیج دوں گا۔ بقول ان کے ''خاموش کارکن'' تھے اور کبھی بھی کام کر کے جتاتے نہیں تھے۔ جب بھی جہاں بھی ملتے نزدیک آکر بڑے پیار سے پوچھتے بھائی کیا حال ہے تمہارا۔ مجھے اپنے عزیز رشتہ داروں کے علاوہ، اسلام آباد میں چند فیملیوں سے بہت روحانی پیار ہے ان میں سے ایک یہ بھی تھے۔ ان کی فیملی کا ذکر اکثر میرے گھر میں ہوتا تھا۔

ایک دن شام کو میں حساب کتاب اور کھانا لے کر کمپیوٹر روم گیا تو آگے دیکھا مطہر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ سلام کیا پوچھا تم یہاں (اس کمرے میں) کیا کرتے ہو میں نے کہا میں نے یہاں مقامی اخراجات کا حساب رکھا ہوا ہے یہ کہہ کر میں نے کمپیوٹر آن کیا اور انٹریز کرنے لگا چپ ہو کر دیکھتے رہے اور پھر پوچھا تم نے کیا کیا کام سنبھالا ہوا ہے۔ بتایا کہ مقامی اخراجات کا حساب ہے انہوں نے کہا یہ حساب بھی تم رکھتے ہو اور اتنے کام کیسے کرتے ہو مجھے ان کی یہ بات سن کر بہت شرمندگی ہوئی۔ کیونکہ میں تو اس تمام کام کی اجرت لیتا ہوں پھر کیوں نہ کام کروں لیکن آپ جیسے لوگ جو بیت الذکر میں کام کرتے ہیں وہ تو صرف اور صرف رضا کارانہ کرتے ہیں۔

مطہر احمد صاحب پچھلے ڈیڑھ سال سے جماعت احمدیہ اسلام آباد کے لئے چندہ جات اور تجنید کے لئے سافٹ ویئر تیار کر رہے تھے اسی وجہ سے فنانس کمیٹی کے ممبر بھی بن گئے۔ آپ آئندہ تین سال کے لئے سیکرٹری کمپیوٹر جماعت احمدیہ اسلام آباد نامزد ہوئے۔ اپنے حلقہ میں قائمقام صدر کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہے۔ آجکل سیکرٹری امور عامہ حلقہ اور زعیم انصار اللہ F-7 کام کر رہے تھے۔

آپ نے اپنے پیچھے بیوہ، ایک بیٹی اور دو بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے اور کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

بال گرنا

ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل سے ماخوذ۔

'' کلکیر یا آیوڈائیڈ میں بال گرنے کا مرض بھی ملتا ہے۔ بال گرنے سے روکنے کے لئے کوئی ایسی دوا نہیں جو بالعموم ٹکسالی کے نسخے کے طور پر استعمال کی جاسکے۔ ایک ضروری بات یاد رکھیں کہ عموماً کلکیر یا کے بعد سلفر نہیں دی جاتی کیونکہ اس سے نقصان پہنچتا ہے لیکن کلکیر یا آیوڈائیڈ کے بعد سلفر آیوڈائیڈ بہترین کام کرتی ہے''۔ (صفحہ:203)

ماخوذ

21ویں صدی کا خطرناک جنگی ہتھیار

اپاچی ہیلی کاپٹر یعنی اڑنے والا ٹینک

تیروں سے میزائلوں تک آلات حرب کی تاریخ پڑھیں تو یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ سائنس و ٹیکنالوجی سے جتنے کام انسانوں نے اپنی نسل کو تباہ کرنے کے لئے کئے ہیں نسل انسانی کی بہتری کے لئے اس کا عشر عشیر بھی نہیں ہیں۔ جتنا وقت، جتنے وسائل اور جتنی ذہانت جنگی ہتھیار بنانے کے لئے استعمال ہوئی ہے اگر اسے انسانوں کی بھلائی کے منصوبوں کے لئے استعمال کیا جاتا تو آج یہ کرہ ارض جنت کا نمونہ ہوتا۔

راکٹ، ہوائی جہاز، ہیلی کاپٹر، لیزر اور سیٹلائٹ وغیرہ جیسی ایجادات کے افادی پہلو کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں لیکن ان صلاحیتوں کو جب تخریبی اور جنگویانہ ذہنیت رکھنے والے لوگ استعمال کرنے کی سوچتے ہیں تو اس کے نتیجے میں مہلک اور ناقابل شکست جنگی ہتھیار وجود میں آتے ہیں۔

اکیسویں صدی کے خطرناک ترین جنگی ہتھیاروں میں اپاچی ہیلی کاپٹر کا نام بھی بہت اہم ہے۔ اسے جنگی ہتھیاروں کی تاریخ میں ایک انقلاب آفریں ایجاد کہا جا سکتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ ''اڑنے والا ٹینک'' ہے جسے بھاری حملوں اور بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ رات ہو یا دن، بارش ہو یا آندھی اور طوفان، یہ ہر طرح کے حالات اور ہر طرح کے موسم میں بڑی کامیابی سے پرواز کر لیتا ہے اور اپنے ہدف پر ٹھیک ٹھیک نشانہ لگا لیتا ہے۔ اس ہیلی کاپٹر کا نام زمینی فورسز کے لئے دہشت کی علامت بن چکا ہے۔

بنیادی طور پر اپاچی بھی دوسرے ہیلی کاپٹروں کی طرح کام کرتا ہے اس میں دو روٹرز لگے ہوتے ہیں جو کئی بلیڈوں کو گھماتے ہیں۔ بلیڈ سے مراد ہیلی کاپٹر کا وہ ترچھا ایئر فوئل ہے جو ہوائی جہاز کے پروں کی طرح ہوتا ہے۔ جب یہ بلیڈ تیزی سے گھومتے ہیں تو ہر بلیڈ اٹھان پیدا کرتا ہے۔ مرکزی روٹر جو ہیلی کاپٹر کی بالائی جانب منسلک ہوتا ہے بیس بیس فٹ کے چار بلیڈوں کو گھماتا ہے۔ اس کا پائلٹ اڑان کو کنٹرول کرنے کے لئے Swash Plate میکنزم استعمال کرتا ہے۔ سویش پلیٹ ہر بلیڈ کی پچ (Pitch) یا ترچھے ہونے کے زاویے کو تبدیل کرتی ہے جو ہیلی کاپٹر کو فضا میں بلند کرنے کا باعث بنتی ہے۔ اس میں یہ صلاحیت ہے کہ یہ زمین سے بالکل عمودی انداز میں اوپر اٹھ سکتا ہے۔ انہی زاویوں سے ہیلی کاپٹر کی پرواز کی سمت بھی تبدیل ہوتی ہے۔ جب مرکزی روٹر گھومتا ہے تو وہ پورے ہیلی کاپٹر کی روٹیشن فورس پیدا کرتا ہے۔ پچھلے روٹر بلیڈ اس فورس کے برعکس کام کرتے ہیں۔ وہ Tail Boom کو مخالف سمت میں دھکیلتے ہیں۔ پچھلے بلیڈز کی پچ تبدیل کر کے پائلٹ ہیلی کاپٹر کو کسی بھی سمت گھما سکتا ہے اور اسے فضا میں ایک ہی جگہ پر ساکن بھی کر سکتا ہے۔ اپاچی کی دم میں ڈبل روٹر ہیں اور ہر ایک کے ساتھ دو بلیڈ ہوتے ہیں۔

جدید ترین اپاچی کے ''جنرل الیکٹرک T700-GE- 701C ٹربوشافٹ انجن تقریباً 1700 ہارس پاور کی طاقت پیدا کرتے ہیں۔ ہر انجن ایک ڈرائیو شافٹ کو گھماتا ہے جو کہ ایک سادہ گیئر باکس سے جڑی ہوتی ہے۔ یہ گیئر باکس روٹیشن کی سمت کو تقریباً 90 درجے پر تبدیل کرتا ہے اور انجنوں کی طاقت ٹرانسمیشن کو منتقل کر دیتا ہے۔ ٹرانسمیشن انجنوں کی یہ قوت مرکزی روٹر اسمبلی اور ایک طویل شافٹ پر لگاتا ہے جو ٹیل روٹر تک جاتی ہے۔ روٹرز کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ عام ہیلی کاپٹر کی نسبت زیادہ مؤثر انداز میں کام کرتے ہیں۔

اپاچی بنیادی طور پر فضائی حملہ کرنے والا امریکی ہیلی کاپٹر ہے۔ دیگر ملکوں میں یہ برطانیہ، سعودی عرب اور اسرائیل کی فضائیہ میں شامل ہے۔

اپاچی کی پہلی سیریز 1970ء کی دہائی میں Hughes ہیلی کاپٹرز نے تیار کی اور 1985ء میں ان سے باقاعدہ کام لینے کا آغاز ہو گیا۔ امریکی ملٹری بتدریج اس اوریجنل ڈیزائن کو تبدیل کر رہی ہے جو کہ AH-64A کے نام سے جانا جاتا ہے۔ 1984ء میں میکڈونل ڈوگلس (McDonnell Douglas) نے Hughes ہیلی کاپٹرز کمپنی کو خرید لیا اور 1997ء میں یہ کمپنی بوئنگ (Boeing) کے ساتھ ضم ہو گئی۔ آج کل بوئنگ کمپنی ہی اپاچی ہیلی کاپٹرز بنا رہی ہے اور برطانیہ میں ''جی کے این ویسٹ لینڈ ہیلی کاپٹرز'' کمپنی اپاچی کا انگلش ورژن WAH-64 تیار کر رہی ہے۔

اپاچی کا بنیادی مقصد بھاری اور مسلح گراؤنڈ ٹارگٹس ہیں جیسے ٹینک اور بنکرز وغیرہ۔ اس قسم کے نقصان کے لئے بھاری فائر پاور کی ضرورت ہوتی ہے اور ہیلی کاپٹر سے یہ کام لینے کے لئے اس کے اندر زبردست قسم کا ٹارگٹنگ سسٹم ہونا ضروری ہے۔ اپاچی میں ''ہیل فائر میزائل'' (Hellfire Missile) استعمال ہوتے ہیں جو اس کا یہ مقصد پورا کرتے ہیں۔ ہر میزائل بذات خود ایک چھوٹا سا ایئر کرافٹ ہوتا ہے جس کے اندر اپنا ذاتی گائیڈنس کمپیوٹر، سٹیرنگ کنٹرول اور پروپلشن سسٹم ہوتا ہے۔ پے لوڈ بہت ہی ایکسپلوسیو ہوتا ہے۔ کاپر لائنڈ چارج وار ہیڈ اتنا طاقتور ہوتا ہے کہ بھاری ترین ٹینک کو بھی نیست و نابود کر سکتا ہے۔

ہیلی کاپٹر کے ساتھ چار فائرنگ ریلز (Firing Rails) ہیں جو میزائل لے جانے کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ یہ ریلز Pylons کے ساتھ منسلک ہوتی ہیں جو اس کے پروں کے ساتھ لٹکے ہوتے ہیں۔ ہر پر میں دو پائلونز ہیں اور ہر پائلون چار میزائل سنبھال سکتا ہے۔ اس طرح اپاچی ایک وقت میں 16 میزائل لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

لانچنگ سے پہلے ہر میزائل ہیلی کاپٹر کے کمپیوٹر سے براہ راست ہدایات حاصل کرتا ہے۔ جب کمپیوٹر فائر سگنل ٹرانسمٹ کرتا ہے تو میزائل فائر ہو جاتا ہے۔ اصلی ہیلی فائر ڈیزائن میں ہدف کا نشانہ لینے کے لئے لیزر گائیڈنس سسٹم استعمال ہوتا ہے۔ عام طور پر دو ہیل فائر میزائل سیٹوں کی بجائے اپاچی دو ''ہائیڈرا راکٹ لانچرز'' (Hydra Rocket Launchers) کے ساتھ پرواز کرتا ہے۔

ہر راکٹ لانچر میں 19 فولڈنگ فن 2.75 انچ ایریل راکٹ ہوتے ہیں۔ اپاچی گنر ایک وقت میں ایک راکٹ بھی فائر کر سکتا ہے اور گروپ کی صورت میں ایک سے زیادہ راکٹ بھی فائر کر سکتا ہے۔

